وفاقی وزارتِ تعلیم (شعبہ نصاب) گورنمنٹ آف پاکستان، اسلام آباد سے منظور شدہ
بذریعہ سرکلر نمبر .1-13/05-LANGS


# اُردو سوم



نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ
حکومتِ پاکستان

# تعلیم سب کے لیے

## اُردُو سوم





نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ

حکومتِ پاکستان

جُملہ حُقُوق بحق نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ محفوظ ہیں۔
منظور شدہ: وفاقی وزارتِ تعلیم (شعبۂ نصاب) حکومتِ پاکستان، اسلام آباد
بذریعہ سرکلر نمبر .1-13/05-LANGS

## مصنّفین:

اقبال الرحمٰن شریف
محمّد سعید
اشعر شہزاد
محمّد آصف خان

## ممبران ریویو کمیٹی

پروفیسر احمد جاوید
جناب اقبال الرحمٰن شریف
جناب ایم۔اے۔طارق قریشی
ڈاکٹر میاں مشتاق احمد
ڈاکٹر ہارونہ جتوئی صاحبہ
جناب کامران سرفراز بیگ

## زیرِ نگرانی:

اقبال احمٰن شریف
ڈائریکٹر ایجوکیشن
نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ اسلام آباد

## کمپوزنگ اینڈ گرافکس:

النصر علی غضنفر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

زیرِنظر کتاب "تعلیم بالغاں پروگرام" کے سلسلے کی تیسری کتاب ہے۔اس سے پہلے لرنرز آوازوں کی شناخت،ان کی علامتیں، دوحرفی، تین حرفی، چارحرفی، پانچ حرفی الفاظ اور چھوٹے جملے بنانے کی مشق سے گزر چکے ہیں۔اس کتاب میں زبان دانی کے حوالے سے مضامین، مکالمے، آپ بیتی، نظمیں اور روزمرہ استعمال کے لیے معلوماتی موادفراہم کیا گیا ہے۔اس کتاب کے لیے زیادہ تر مضامین اور مواد این۔ڈبلیو۔ایف۔پی، بلوچستان، پنجاب اور سندھ ٹیکسٹ بک بورڈز کی شائع کردہ کتابوں سے حاصل کیا گیا ہے جس کے لیے ہم ان کے انتہائی ممنون ہیں۔ان مضامین کے استعمال کرنے کی وجہ تعلیم بالغاں پروگرام کے لرنرز کو پہلی، دوسری جماعتوں کے مضامین سے آگہی ہے تاکہ وہ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور بچوں کو تعلیمی امور میں مدد فراہم کر سکیں اور ان کی موثر نگرانی کر سکیں۔جن اضلاع میں تعلیم بالغاں پروگرام کے تحت بالغوں کو پڑھایا جارہا ہے، انہی اضلاع میں UPE پروگرام (لازمی پرائمری تعلیم کا پروگرام) کے تحت ۵ تا ۹ سال کے تمام بچوں کو سکول میں داخل کروایا جارہا ہے اور لرنرز UPE کے بارے میں مکمل معلومات رکھتے ہیں۔

اس کتاب میں بالغ طالب علموں کے لیے بین الاقوامی طور پر مروج اصطلاح لرنرز استعمال کی گئی ہے۔تاکہ دوسرے اداروں کے ساتھ ہم آہنگی رہے اور کوئی ابہام پیدا نہ ہو۔

اس کتاب کو عام فہم اور دلچسپ بنانے کے لیے محققین اور ماہرین نے دن رات محنت کی ہے اور اپنے تجربات سے اس کتاب کو موثر اور مفید بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے لیکن اس کے باوجود ہم اس کتاب کو مزید بامقصد اور مفید بنانے کیلئے آپ کی قیمتی تجاویز وآراء کو خوش آمدید کہیں گے۔


اقبال الرحمٰن شریف

ڈائریکٹر ایجوکیشن

نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ اسلام آباد

# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | سب کو بنایا میرے خُدا نے | ۵ |
| ۲ | نعت | ۹ |
| ۳ | ہمارے پیارے نبی حضرت مُحمّد (صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم) | ۱۴ |
| ۴ | مریم کا خاندان | ۲۱ |
| ۵ | خاندان کے لوگ کیا کام کرتے ہیں؟ | ۲۵ |
| ۶ | صحت اور صفائی | ۲۹ |
| ۷ | گفتگو کے آداب | ۳۵ |
| ۸ | لوگ کیا کیا کام کرتے ہیں | ۴۱ |
| ۹ | جنگل کی سیر | ۴۶ |
| ۱۰ | صحت مند رہیں | ۵۴ |
| ۱۱ | پودا کیسے بڑھتا ہے؟ | ۵۹ |
| ۱۲ | بچوں کا سکول میں داخلہ | ۶۵ |
| ۱۳ | ہمارے قائد اور پاکستان | ۷۲ |
| ۱۴ | سچ کہو | ۷۶ |
| ۱۵ | خطوط | ۸۱ |
| ۱۶ | بیماری کی درخواست | ۸۴ |
| ۱۷ | نمکول (او، آر، ایس) | ۸۶ |
| ۱۸ | ادویات کی بھی عمر ہوتی ہے | ۹۲ |
| ۱۹ | ماہانہ بل | ۹۸ |
| ۲۰ | اچار | ۱۰۴ |
| ۲۱ | مذہبی رواداری | ۱۱۳ |
| ۲۲ | گھریلو ٹوٹکے | ۱۱۷ |
| ۲۳ | نومولود بچے کی فوری دیکھ بھال | ۱۲۴ |
| ۲۴ | گھر میں سبزیاں اُگائیں | ۱۳۴ |

# سب کو بنایا میرے خُدا نے


خالی جگہ میں آواز لکھ کر لفظ مکمل کریں اور سامنے لکھیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سیب | ___ | ے | ب | | | ___________ |
| پرندے | پ | ر | ن | ___ | ے | ___________ |
| چڑیا | ___ | ڑ | ی | ا | | ___________ |
| سردے | سہ | ___ | د | ے | | ___________ |
| انگور | ا | ن | ___ | و | ر | ___________ |


آوازیں ملا کر کر رکن اور پھر لفظ بنائیں اور سامنے لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ط و ط ے | طو | طے | طوطے |
| ک ے ل ا | ___ | ___ | ___________ |
| م ی ٹھ ے | ___ | ___ | ___________ |
| ج ا ن ے | ___ | ___ | ___________ |

# سب کو بنایا میرے خُدا نے



سب کو بنایا میرے خدا نے
ہر ایک جانے ، ہر ایک مانے
آم اور آڑُو سیب اور سَردے
انگور ، کیلے ، پھل ، میٹھے میٹھے



کوّے ، کبُوتر ، رنگ دار طوطے
چِیل اور چِڑیاں سارے پرندے
سب کو بنایا میرے خدا نے
ہر ایک جانے ، ہر ایک مانے

# مشق

## خالی جگہ پُر کریں

سب کو ______ میرے خدا نے

ہر ایک ______ ہر ایک مانے

آم اور ______ سیب اور سردے

کوّے ، کبوتر ______ دار طوطے

## اشعار پڑھیں اور دیکھ کر سامنے لکھیں

کوّے کبوتر رنگ دار طوطے ______

چیل اور چِڑیاں سارے پرندے ______

سب کو بنایا میرے خدا نے ______

ہر ایک جانے ہر ایک مانے ______

## ترتیب درست کر کے سامنے لکھیں

خدا میرے نے بنایا کو سب ______

مانے ہر ہر ایک ایک جانے ______

## الفاظ کا جملوں میں استعمال اور لکھائی کی مشق

۱ **سب** ہم سب انسان ہیں۔

لکھیں

۲ **میٹھے** آم میٹھے ہیں۔

۳ **میرے** میرے لیے چائے لانا۔

۴ **بنایا** ہم سب کو خدا نے بنایا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی بنائی گئی پانچ اشیاء کے نام لکھیں۔

۱

۲

۳

۴

۵


# نعت

خالی جگہ میں حرف لکھ کر لفظ مکمل کریں اور سامنے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پیارے | پ | ے | ا | ___ | ے | ___________ |
| اپنی | ا | پ | ___ | ی | | ___________ |
| سیدھا | سـ | ___ | دھ | ا | | ___________ |
| دُکھیوں | دُ | کھ | ی | ___ | ں | ___________ |
| پیغام | پ | ے | غ | | م | ___________ |

حروف ملا کر لفظ بنائیں اور لکھیں

| | |
|---|---|
| ر سـ تـ ہ | ___ ___ ___________ |
| آ ز کھ | ___ ___ ___________ |
| بـ ا تـ و ں | ___ ___ ___________ |
| ز بـ ی | ___ ___ ___________ |



# نعت

پیارے پیارے نبیؐ ہمارے
ہم کو اپنی جان سے پیارے
میرے آقا ، میرے مولا
سب دُکھیوں کے دل کا سہارا
خالق کا پیغام سنایا
سیدھا رستہ ہم کو دکھایا



ان کی راہ پہ چلنے والا
ہو گا سب کی آنکھ کا تارا
ان کو سب سے سچا جانو
ان کی سب باتوں کو مانو
پیارے نبیؐ نے ہم کو بتایا
ایک خدا ہے خالق اپنا

(راجا رشید محمود)

# مشق

میرے آقا میرے مولا

سب دکھیوں کے دل کا سہارا

## دیکھ کر خوش خط لکھیں

______________________________

______________________________

## خالی جگہ پُر کریں


۱ ان کو سب سے ____________ جانو


۲ ان کی سب باتوں ____________ مانو


۳ ان کی راہ پہ ____________ والا


۴ ہو گا سب کی آنکھ ____________ تارا


## مشکل الفاظ کو پڑھیں اور لکھیں




## الفاظ کا جملوں میں استعمال اور لکھائی کی مشق

**۱** سچا — احمد **سچا** ہے۔

خود لکھیں ____________________

**۲** اپنا — وہ **اپنا** بستہ لاتا ہے۔

____________________

۳ خالق — اللہ ہمارا خالق ہے۔

---

۴ سب — ہم سب انسان ہیں۔

---

۵ دروازہ — دروازہ آہستہ بند کریں۔

---

## ترتیب درست کر کے لکھیں

۱ ہمارے پیارے نبیؐ پیارے

۲ اپنی جان سے کو ہم پیارے

۳ پیغام سنایا خالق کا

۴ ہم کو دکھایا سیدھا رستہ

۱ ______________________

۲ ______________________

۳ ______________________

۴ ______________________

# ہمارے پیارے نبی حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

خالی جگہ میں حرف لکھ کر لفظ مکمل کریں اور سامنے لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| نبی | ن ___ ی | نبی |
| عرب | ___ ر ب | ___ |
| مکّہ | م ک ک ___ | ___ |
| بتائیں | ب ___ ا ء ی ں | ___ |
| غریب | غ ر ی ___ | ___ |

آوازیں ملا کر لفظ بنائیں اور لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پ ہ ل ے | پھ | لے | پہلے |
| کھ ے ل ت ے | کھیل | تے | ___ |
| س و ا ر ی | سوا | ری | ___ |
| ب ے ٹ ا | بے | ٹا | ___ |

# ہمارے پیارے نبی حضرت مُحمّد (صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم)

رات کو کھانے کے بعد مریم اور عامر دادا جان کے پاس جا بیٹھے۔

**مریم بولی،** ”دادا جان! آج ہمیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد (صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم)

کے بارے میں کچھ بتائیں۔“

**دادا جان:** بچو! ہمارے نبی حضرت محمد (صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم)

عرب کے شہر مکّہ میں پیدا ہوئے تھے۔ آپؐ کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا۔

آپؐ کی والدہ کا نام حضرت آمنہ تھا۔ آپؐ کے دادا کا نام حضرت عبدالمطلب تھا۔

**عامر:** حضور (صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم)

کے بارے میں کچھ اور باتیں بتائیں۔

**دادا جان:** آپؐ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔

غریبوں کی مدد کرتے تھے۔ ہر ایک کے کام آتے تھے۔

